© rasailojaraid.com

...لوی عبدالصمد صاحب نے اس کے جواب میں "مشرقی کا مذہب" لکھ کر یہ بتایا ہے کہ خود مشرقی کے مذہبی خیالات ...ہیں؟ اور اُس کے دینی عقائد کی کیا حقیقت ہے؟ یہ رسالہ گویا ایک آئینہ ہے جسے دیکھ کر اگر مشرقی صاحب ...سامنے لے کر رہ جائیں تو بعید نہیں۔

...رل مارکس :- از باری صاحب علیگ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر۔ ...ت ۶ر ملنے کا پتہ :- مکتبہ اُردو لاہور۔

کارل مارکس ایک زبردست انقلابی تحریک کے لیڈر کی حیثیت سے اچھی طرح روشناس ہے۔ اس ...ب میں اُسی کی سوانح عمری اور اُس کے خیالات پر عقیدتمندانہ انداز میں بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے ابتدائی ...ب میں مارکس کے ذاتی حالات کا بیان ہے، اور دوسرے حصہ میں اُس کی تعلیمات اور معاشی و اقتصادی ...اح سے متعلق اُس کے ذاتی خیالات کا ذکر ہے۔ مارکس کے حالات کے ضمن میں ہیگل اور مارکس کے ساتھیوں ...فریڈرک اینگلز وغیرہ کا بھی تذکرہ ہے۔ کتاب کا افادہ عام کرنے کے لئے باری صاحب نے یہ جدت کی ہے ...تاب کے آخر میں اُنھوں نے انگریزی اور اُردو الفاظ کی ایک فرہنگ درج کی ہے۔ جس سے فلسفیانہ اور ...ی و اقتصادی اصطلاحات کے سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ دوسری کتابوں کی طرح اس کتاب میں بھی ...صاحب کا انقلابی اندازِ تحریر اور زورِ بیان بدرجہ اتم موجود ہے۔

...شلزم :- از جناب باری صاحب علیگ۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۲ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ ...۶ر ملنے کا پتہ :- مکتبہ اُردو لاہور۔

سوشلزم کے فکری اور عملی دونوں پہلوؤں پر کارل مارکس کے مخلص دوست اور رفیق کار فریڈرک اینگلز ...ک کتاب جرمن زبان میں لکھی تھی زیر تبصرہ کتاب اسی کتاب کے انگریزی ترجمہ کا اُردو ترجمہ ہے مصنف

© rasailojaraid.com